Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

# تحریک انصاف کے انٹرا پارٹی انتخابات کے حوالے سے الیکشن کمیشن کے فیصلے پر پاکستان تحریک انصاف کا رد عمل

پاکستان تحریک انصاف نے الیکشن کمیشن آف پاکستان کے فیصلے کو نہایت ناقص، غیر قانونی، متعصّبانہ اور انتخابات کی شفافیت پر سنگین حملہ قرار دیکر مسترد کردیا

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے اپنے فیصلے کے ذریعے ملک میں دستور، جمہوریت اور انتخابات کی شفافیت کو خاک میں ملانے کی کوشش کی ہے،

الیکشن کمیشن ملک میں دستور سے انحراف کے جاری مکروہ عمل میں کلیدی سہو لتکار ہے،

اپنے آج کے فیصلے کے ذریعے الیکشن کمیشن نے مکروہ "لندن پلان" کے آخری حصے کو نافذ کرنے کی جانب قدم اٹھایا ہے،

الیکشن کمیشن نے اپنے فیصلے کے ذریعے ثابت کردیا کہ اسے صاف شفاف انتخابات میں دلچسپی ہے نہ یہ اس کی ترجیحات کا حصہ ہے،

کمیشن کے یہ جانبدارانہ اور متعصّبانہ فیصلہ اپنی جگہ پر قائم نہیں رہ سکتا اسے اعلیٰ عدالت کے روبرو چیلنج کریں گے،

تحریک انصاف "بلے" کے نشان کے ساتھ انتخاب لڑے گی اور تاریخی کامیابی حاصل کرے گی، انشاءاللہ،

کروڑوں پاکستانیوں کی نمائندہ سیاسی جماعت سے سازش کے ذریعے انتخابی نشان چھین کر ریاستی جبر سے اسے انتخابی عمل سے باہر کرنے کی کوششیں ہرگز کامیاب نہ ہو پائیں گی،

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ